© rasailojaraid.com



لاٰخر لیرد مثلہ [1]

یعنی قرض وہ خاص معاملہ ہے جس میں مُقرِض (قرض دینے والا) مُستَقرِض (قرض لینے والے) کو ایسا مال دیتا ہے جس کی ہم مثل موجود ہے تاکہ اس سے وصولی کے وقت اس جیسی چیز وصول کر سکے۔

۲ : وہ احسان یا عطیہ جو پہلے کیا جائے یا وہ مال جو مقررہ میعاد کے بعد واپسی کی شرط سے دیا جائے۔[2]

## قرض اور دَین میں فرق

دَین عربی میں عین کے مقابلے میں آتا ہے۔ نقد کے لئے عین اور ادھار کے لئے دَین بولا جاتا ہے۔ اور اس سے مقصود کاروبار اور لین دین میں ادھار کا معاملہ کرنا ہے۔ خواہ قیمت ادھار ہو یا چیز ادھار ہو۔

۲ : الدَّین ما وجب فی الذمۃ بعقد او استھلاک[3]

ترجمہ :۔ دَین وہ مال ہے جو کسی کے ذمہ عقد (بیع و شراء) کے سبب لازم ہوا ہو یا کسی کا مال ہلاک اور ضائع کر دینے کے سبب لازم ہوا ہو۔

اور قرض یہ ہے کہ ایک کا دوسرے سے صَرف اور خرچ کے لئے مال مثلی لینا۔ جیسے نقد روپے لینا، گندم لینا، اس شرط پر کہ اسی جیسا واپس کرے گا۔ مال دینے والا مُقرِض اور لینے والا مُستَقرِض اور مال قرض کہلاتا ہے۔

قرض میں قبضہ شرط ہے، دَین میں قبضہ شرط نہیں۔ دَین میں مدت مقرر کی جاتی ہے قرض میں مدت مقرر نہیں کی جاتی۔

لزم تاجیل کل دین ان قبل المدیون [4]

ترجمہ :۔ ہر دین میں مدت مقرر کرنا لازم ہے بشرطیکہ مدیون اس کو قبول کرے۔

۲ : قرض میں قانونی نقطہ نظر سے دو باتیں ملحوظ ہوتی ہیں۔ ایک حیثیت میں قرض عاریت

---

[1] حاشیہ ردالمحتار علی الدر المختار : ج ۴ : ص ۱۷۹ ۔ [2] المنجد : ص ۷۹۳ ۔ [3] ردالمحتار علی ہامش الدر المختار للشیخ محمد امین المشہور بابن عابدین : ج ۴ : ص ۱۴۶ ۔

[4] " " " " " "

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہوتا ہے کیونکہ اس میں دوسرے سے ہمدردی اور خیر خواہی کا جذبہ کارفرما ہوتا ہے۔ اور دوسری حیثیت سے اس میں معاوضہ کی روح کارفرما ہوتی ہے۔ کیونکہ مال حفاظت کیخاطر نہیں بلکہ واپسی کی خاطر لیا گیا ہے اور مقصد قرض کے ذریعہ قرض دار کی ضرورت کو پورا کرنا ہے۔

## قرضِ حسنہ کی تشریح

قبل اس کے کہ قرض کے احکام تحریر کیئے جائیں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ مقالہ کے عنوان (قرضِ حسنہ) کی وضاحت کر دی جائے کہ کتاب وسنت میں قرضِ حسنہ کے کیا معانی ہیں۔

۱ : مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَیُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗ اَجْرٌ كَرِیْمٌ [1]

ترجمہ:- کون ہے جو اللہ تعالیٰ کو اچھا قرض دیتا ہے پس اللہ تعالیٰ اس کو بڑھائے گا اور اسے اچھا بدلہ دے گا۔

۲ : اِنَّ الْمُصَّدِّقِیْنَ وَالْمُصَّدِّقٰتِ وَاَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا یُّضٰعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ اَجْرٌ كَرِیْمٌ۔ [2]

ترجمہ:- بے شک صدقہ کرنے والے مرد اور صدقہ کرنے والی عورتیں اور قرض دو اللہ تعالیٰ کو قرض اچھا دوگنا کیا جائے گا ان کے لئے اور ان کو اچھا بدلہ دیا جائے گا۔

۳ : وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَیْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَیْرًا وَّ اَعْظَمَ اَجْرًا وَّاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ [3]

ترجمہ:- اور اللہ تعالیٰ کو اچھا قرض دو اور جو مال تم اپنے نفسوں کے لئے آگے بھیجتے ہو اس کو اللہ تعالیٰ کے پاس پاؤ گے وہ بہتر اور بڑے اجر کی چیز ہے اور اللہ تعالیٰ سے بخشش طلب کرو بے شک اللہ تعالیٰ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔

---

[1] پ ۲۷، آیت ۱۱، رکوع ۱۸ - [2] پ ۲۷، آیت ۱۸، رکوع ۱۸ - [3] پ ۲۹، س مزمل آیت ۲۰۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۴ : لَئِنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ۔ [1]

ترجمہ :۔ اگر تم نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو اور میرے رسولوں پر ایمان لاؤ اور ان کی مدد کرو اور اللہ تعالےٰ کو قرض حسنہ دو تو میں تمہارے گناہوں کو مٹا دوں گا۔ اور تمہیں باغات میں داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔

۵ : اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ۔ [2]

ترجمہ :۔ اگر تم اللہ تعالےٰ کو اچھا قرض دو تو وہ تمہارے لئے اس کو دگنا کرے گا اور تمہیں بخش دے گا اور اللہ تعالےٰ قدر دان اور بردبار ہے۔

یہ وہ آیات ہیں جن میں قرض حسنہ کی ترغیب اور فضیلت بیان ہوئی ہے اب سوال یہ ہے کہ قرض حسنہ سے کیا مراد ہے ؟ تو شیخ محمد بن احمد القرطبی اپنی مایۂ ناز تفسیر میں تحریر فرماتے ہیں۔

فیہ ثلاثۃ اوجہ احدھا انہ یرید سائر الصدقات ثانیھا یرید اداء الزکوۃ علی احسن وجہ وھو اخراجہا من اطیب الاموال واکثرھا نفعا للفقراء و ابتغاء وجہ اللہ و الصرف الی المستحق و ثالثھا یرید کل شئ یفعل من الخیر مما یتعلق بالنفس والمال [3]

ترجمہ :۔ اس میں تین توجیہات ہیں۔ ۱ :۔ اس سے مراد تمام صدقات ہیں۔

۲ :۔ اس سے مراد زکوٰۃ کو اچھے طریقے سے ادا کرنا ہے اور اچھا طریقہ یہ ہے کہ حلال

---

[1] پ ۶ ، رکوع ۱۶ ، آیت ۱۲ ۔ [2] پ ۲۸ ، آیت ۱۸ ، تغابن ۔ [3] القرطبی ، ج ۶ ، ص ۱۱۴ ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مال سے ادا کرے اور جس سے فقراء کو زیادہ نفع ہو وہ مال دے اور اللہ تعالےٰ کی رضا کے لئے دے اور مستحق پر خرچ کرے۔

۳:- اس سے مراد ہر نیک عمل ہے خواہ وہ نفس کے ساتھ ہو یا مال کے ساتھ۔

۴:- شیخ محمود آلوسیؒ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ قرضِ حسنہ کا معنی ہے بھلائی کے کاموں میں خرچ کرنا۔ اور بعض نے کہا صدقِ دل کے ساتھ اور صدقات نافلہ جس چیز سے بھی ہو۔ پس وہ استعارہ ہے کیونکہ اللہ سبحانہ نے ثواب اور جزاء کا وعدہ فرمایا ہے اور اس کو قرض کے ساتھ تشبیہ دیا ہے اس لئے کہ وہ اس کی مثل بدلہ دے گا۔ اور قرضِ حسنہ وہ ہوتا ہے جو خوش قلبی کے ساتھ مال خیرات کیا جائے۔ اور بعض نے کہا جس کے بعد احسان جتانا، اور تکلیف پہنچانا نہ ہو۔ اور بعض نے کہا جو حلال مال سے صدقہ دیا جائے وہ قرضِ حسنہ کہلاتا ہے۔[1]

شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

خدا کو قرض دینے سے مراد اس کے دین اور اس کے پیغمبروں کی حمایت میں مال خرچ کرنا ہے۔ جس طرح روپیہ قرض دینے والا اس امید پر دیتا ہے کہ اس کا روپیہ واپس مل جائے گا اور قرض لینے والا اس کے ادا کرنے کو اپنے ذمہ لازم کر لیتا ہے۔ اسی طرح خدا ہی کی دی ہوئی چیز یہاں اس کے راستہ میں خرچ کی جائے گی وہ ہرگز گم یا کم نہیں ہوگی۔ حق تعالےٰ نے کسی مجبوری سے نہیں محض اپنے فضل و رحمت سے اپنے ذمہ لازم کر لیا ہے کہ وہ تم کو عظیم الشان نفع کی صورت میں واپس کر دے۔ اور قرضِ حسنہ سے مراد یہ ہے کہ اخلاص سے دو اور اپنے محبوب اور مرغوب اور پاک و صاف مال میں سے دو۔[2]

## زکوٰۃ اور قرضِ حسنہ میں فرق

زکوٰۃ کا ادا کرنا قانونی طور پر ضروری ہے لیکن قرضِ حسنہ سے مقصود ہے دین کی برتری اور رفاہِ عام کے

---

[1] تفسیر روح المعانی : ج ۶ : ص ۸۸ ۔ [2] افاداتِ شیخ الاسلام رحؒ بحوالہ تفسیر معالم القرآن مطبوعہ سیالکوٹ : ج ۶ : ص ۳۷۹ ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سارے اجتماعی کاموں کے لئے انفرادی ذمہ داری کے ساتھ اجتماعی ذمہ داری یہ بھی ہے کہ زکوٰۃ کے علاوہ وقت کے ملی تقاضوں اور مطالبات کو پورا کرنے کے لئے رضا کارانہ طور پر اپنے ملکی سرمایہ سے کچھ وقف کرنا تاکہ جماعتی مقاصد کو پورا کیا جاسکے۔

اس سے معلوم ہوا کہ مال کی متعینہ زکوٰۃ ادا کر دینے کے بعد بھی ایک مسلمان دین کے مالی مطالبات سے سبکدوش نہیں ہوتا۔ اور اب بھی اس کی دولت میں حق باقی رہتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر لوگوں کے اخلاقی احساسات معاشرے کی بھوک اور ناداری پر قابو نہ پا سکے ہوں یا دین کی حفاظت اور نصرت کا فرض ادا کرنے سے قاصر ہوں تو ایسی حالت میں قرضِ حسن یقیناً اخلاقی سے قانونی شکل اختیار کر لے گا اور اس دفعہ کی رو سے اسلامی حکومت مجاز ہو گی کہ وہ غریب اور نادار شہریوں کی ضرورتوں اور دین کے مفاد کی خاطر مال داروں پر مزید بار ڈالے۔

فقہاء کی اصطلاح میں جس چیز کو فرضِ عین اور فرضِ کفایہ کہا جاتا ہے اسی کو ہم نے قانونی اور اخلاقی ذمہ داری سے تعبیر کیا ہے۔ زکوٰۃ ان کے یہاں فرضِ عین ہے تو قرضِ حسن فرضِ کفایہ [1]

## بقا اور فناء کا فلسفہ

یا یوں تعبیر کر لیجئے کہ قرضِ حسنہ انسانیت کی بقاء کا پیش خیمہ ہے کیونکہ یہ ایک سخاوت ہے جو دل کی شجاعت اور حوصلہ کی بلندی چاہتی ہے طبیعت میں بے نیازی پیدا کرتی ہے دوسروں کی ضرورتوں کا احساس، ان کی ضرورتوں کو اپنی ضرورت پر مقدم رکھنا سخاوت اور جود و کرم کی اصل روح ہے۔ یہ روح کارفرما ہوتی ہے تو ہمدردی، غم خواری، رحم اور خدمتِ خلق کے جوہر جلوہ گر ہوتے ہیں۔ یعنی انسانیت کا جوہر نکھرتا ہے، شرافت کا علم بلند ہوتا ہے، میل ملاپ اور محبت کی فضا ہموار ہوتی ہے، سخاوت اگر کارفرما ہو تو طبقاتی جنگ کی نوبت نہیں آتی۔ کیونکہ دولت مند طبقہ ہمدرد اور غمگسار ہوتا ہے اور غریب و نادار اس کے وفادار و جاں نثار ہوتے ہیں اور اس طرح ایک نظم و ضبط پیدا ہو جاتا ہے جو فطرتِ انسانی کے عین مطابق ہوتا ہے جو معاشرہ اور سماج کو اطمینان کی دولت

---

[1] تفسیر معالم القرآن، ج ۶، ص ۳۷۸ ؛ تفسیر معارف القرآن، ج ۳، ص ۷۹ ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بخشتا ہے جس میں ایک دوسرے سے نفرت اور بغض نہیں بلکہ محبت اور باہمی اعتماد کی نعمت میسر آتی ہے۔ اور جب محبت اور اعتماد و تعاون کی کلیاں چٹختی ہیں تو معاشرہ اور سماج رواداری اور شریفانہ اخلاق کا گلدستہ بن جاتا ہے۔ یہی تہذیب بہیمیت اور حیوانیت کو کچلتی ہے اور شرافت و آدمیت کو سربلند کرتی ہے جس سے رب العالمین کی نیابت و خلافت کی صحیح تصویر سامنے آتی ہے۔ اور دنیا ئے پرمحن جنت نشان بن جاتی ہے۔[1]

سخاوت کے مقابل میں بخل ہے۔ جو طمع، تنگ نظری، خودغرضی، بزدلی، بے رحمی سنگدلی، ذخیرہ اندوزی، چور بازاری، رشوت، خیانت اور سود جیسے زہریلے جراثیم پیدا کرتا ہے جو انسانوں کی معیشت کو تباہ کرتے ہیں۔ اور ان کی خوش حالی کے لئے اژدھا بن جاتے ہیں۔

## سرمایہ ختم کیا جائے یا بخل

اسلام اس حقیقت سے آنکھ بند نہیں کرتا کہ دولت صرف ایک معمل ایک آلہ ہے اصل چیز دولت نہیں بلکہ عمل اصل ہے۔ چشمۂ شیریں کے پانی سے آپ لالہ زار کو شاداب کر کے سنبل و ریحان کے تختے اور خیابان بھی تیار کر سکتے ہیں اور خارستان کے خاردار جھاڑیوں کو بھی دھاردار اور نوکیلے بنا سکتے ہیں۔ نتیجہ کا تعلق آپ کے عمل سے ہے۔ اصلاح یہ نہیں کہ پانی کو خشک کر دیں۔ یا لالہ زار کی بجائے کسی خندق میں بہائیں۔ اصلاح یہ ہے کہ کانٹوں سے نفرت دلائیں اور گل و غنچہ کی محبت بڑھائیں۔ اسلام اصلاح کی یہی صورت پیدا کرتا ہے کہ وہ جود و سخا کے گلشن اور چمن کو زکوٰۃ، خیرات، صدقات، قرض حسنہ اور وقف سے آبیاری کرتا ہے اور انسانیت کی بقا و حفاظت کے وہ لازوال ذرائع و اسباب مہیا کرتا ہے کہ انسانیت، حیوانیت سے ملکوتیت کے جوہر کے ساتھ آراستہ اور پیراستہ ہو جاتا ہے۔ تو گویا قرض حسنہ انسانی معیشت کے لئے ایک پُل ہے اس کے ذریعہ ہم اپنی زندگی کی منزل مراد پا سکتے ہیں۔

قرآن حکیم اسی نقطہ کو سامنے رکھتا ہے اور فنا و بقا کے فلسفہ کو ذہن نشین کر کے اس

---

[1] دور حاضر کے سیاسی و اقتصادی مسائل، ص ۱۱۰۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حقیقت کا یقین پیدا کراتا ہے کہ دولت کا بقا تجوریوں میں بند کرنے اور زمین دوز خزانوں میں دفن کرنے سے نہیں بلکہ اس کے بقا کی صورت یہ ہے کہ اس پر انفاق فی سبیل اللہ کا عمل زیادہ سے زیادہ کیا جائے۔ بینک بیلنس آپ کا کتنا ہی زیادہ ہو اس سے آپ کو قوت حاصل نہیں ہو سکتی اور نہ ہی آپ کا سرمایہ محفوظ رہ سکتا ہے بلکہ اس بچت کو ایسے بینک میں محفوظ کرایا جائے جس کا محافظ حقیقی نگران ہے۔

مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ۔ (النحل : ع ۱۳)۔

جو تمہارے پاس ہے ختم ہو جائے گا اور جو اللہ کے پاس ہے وہ باقی رہنے والا ہے۔

## فی سبیل اللہ بینک

آپ بینک میں رقم ڈیپازٹ کراتے ہیں کہ رقم محفوظ رہے اور اس کا انٹرسٹ (سود) آپ کو ملتا رہے لیکن ڈیپازٹ رقم آپ کی کب تک ہے۔ اپنی دانست میں آپ نے بڑی دور اندیشی سے کام لیا کہ زندگی کا بیمہ کرا دیا۔ مگر کیا بیمہ قضاء و قدر کے فیصلہ میں کوئی تبدیلی کر سکتا ہے؟

عدالت نے کسی کو دیوالیہ قرار دے دیا ہے تو وہ کسی وقت دولت مند بن بھی سکتا ہے لیکن جس کو قضاء و قدر نے دیوالیہ قرار دے دیا جو دنیا سے خالی ہاتھ رخصت ہوا وہ کبھی دولت مند نہیں بن سکتا۔ البتہ اگر آپ نے قرآن حکیم کے اصول پر اپنی زندگی کا بیمہ کرا لیا تو آپ کی دولت پر کبھی زوال نہیں آ سکتا۔ یہ دولت دن بدن بڑھتی ہی رہے گی۔

وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنْفُسِكُمْ مِنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَأَعْظَمَ أَجْرًا ۔ [1]

ترجمہ :- اور جو آگے بھیجو گے اپنے واسطے کوئی نیکی اس کو اللہ کے پاس پاؤ گے اللہ تعالیٰ کے پاس بہتر بدلہ اور زیادہ اجر ہے۔

ڈیپازٹ رقم پر آپ کو دس فیصد سود ملتا ہے لیکن جو رقم آپ فی سبیل اللہ بینک میں جمع کراتے ہیں اس کے نفع کی کوئی انتہا نہیں ہے۔

---

[1] مزمل ، ع ۲ ، پ ۲۹۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قرآن حکیم کی وضاحت یہ ہے کہ جو رقم آپ فی سبیل اللہ کے بینک میں جمع کراتے ہیں اس کو صرف کھاتہ میں درج نہیں کر دیا جاتا بلکہ ایسا ہوتا ہے کہ اس کو تخم بنا کر ایک زرخیز کشت زار میں بو بھی دیا جاتا ہے۔ زرخیز زمین ایک گیہوں کی نال پر سات بالیں آجاتی ہیں۔ اور ایک ایک بال میں سو سو دانہ ہوتے ہیں تو ایک دانہ سے سات سو دانہ بن جاتے ہیں۔ یعنی انٹرسٹ (نفع) ستر ہزار فیصد ہو جاتا ہے [1]

لیکن یہ شرط ہے کہ دولت مند جو امداد کرے اس میں خود غرضی کا شائبہ تک نہ ہو۔ یہاں تک کہ اس کو کبھی زبان پر بھی نہ لائے جس سے غریب اور ضرورت مند کو کمتری کا احساس ہو۔ یا کوئی ذہنی اور دماغی کوفت ہو۔

## دنیا کے دوسرے نظاموں سے موازنہ

گفتگو بہت طویل ہو گئی اب دنیا کے دوسرے نظاموں سے موازنہ بھی کیجئے۔

۱ :- سرمایہ داری کا دشمن اسلام بھی ہے اس کو سرمایہ داری سے انتہائی نفرت ہے مگر وہ سرمایہ داری کو اس لحاظ سے اچھا بھی سمجھتا ہے کہ اس میں انسانی زندگی کی فلاح و بہبود کا راز مضمر ہے اور وہ سرمایہ دار اللہ کو بہت پسند ہے جو اپنے سرمایہ سے غریب نادار، مزدور طبقہ لوگوں کی معیشت کو سنبھالا دیتا ہے اور اپنے سرمایہ میں حق سائل اور محرومین کو ادا کرتا ہے۔ ارشاد ربانی ہے۔

وَفِیْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُوْمٌ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ [2]

ترجمہ :- اور ان کے سرمایہ میں مانگنے والے اور محروم طبقہ لوگوں کے لئے حقِ معلوم ہے۔

۲ :- ایسے تمام پروگرام اسلام کی نظر میں ناقابل برداشت ہیں جن سے امیر اور غریب میں طبقاتی جنگ یا باہمی نفرت پیدا ہو۔ اسی لئے وہ سرمایہ کو کسی نہ کسی شکل میں خرچ کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ زکوٰۃ وخیرات، قرضِ حسنہ، وقف، ہدیہ وغیرہ۔

۳ :- انسان کو اپنی حقیقت اور فنا و بقا کا فلسفہ یاد کرا کر سرمایہ دار اور دولت مند کو یقین

---

[1] بقرہ : ع ۳۶ ۲۶۱/۲ - [2] المعارج : ع ۱ : پ ۲۹ -

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دلاتا ہے کہ غریب اور ضرورت مند کی امداد خود اس کی اپنی امداد ہے۔یعنی اس کا نفع دوسروں سے زیادہ خود اس کو پہنچ رہا ہے۔

## مالی نظام کے اسلامی اصول

۱:۔ سورت مزمل نبوت کے ابتدائی دور میں نازل ہوئی۔پہلے حصہ میں فرعونیت (ملوکیت) کے مقابلے کا ذکر ہے۔دوسرے حصہ میں احکام یعنی نماز، زکوٰۃ اور قرض حسنہ کا۔اس میں خدا پرستی کا صرف ایک حکم ہے نماز پڑھو۔لیکن دولت کے متعلق دو حکم ہیں۔زکوٰۃ اور قرض حسنہ۔

۲:۔ سورۃ علق کے پہلے حصہ میں آغاز وحی کا ذکر ہے دوسرے حصہ کا پہلا فقرہ ہے۔

اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰى. اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى

یعنی بے شک انسان حد سے نکل رہا ہے اس پر کہ وہ دیکھتا ہے کہ وہ مستغنی (دولت مند) ہو گیا ہے۔

۳:۔ سورت مدثر سب سے پہلی سورت ہے جس میں آپ کو دعوت و تبلیغ کی ہدایت دی گئی۔اس میں یہ حکم ہے کہ وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ کسی پر اس غرض سے احسان نہ کر کہ اس سے زیادہ حاصل کرنا مقصود ہو۔یعنی معاوضہ کے حاصل کرنے کے لئے کسی پر احسان نہ کرو۔

۴: مکی سورتوں میں سورۃ البلد کا مطالعہ فرمائیے۔

فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ وَمَا اَدْرٰىكَ مَا الْعَقَبَةُ فَكُّ رَقَبَةٍ اَوْ اِطْعَامٌ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ مَسْغَبَةٍ يَّتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ اَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ [1]

ترجمہ:۔ آپ کو معلوم ہے گھاٹی کیا ہے جس سے گذرنا مشکل ہوتا ہے۔کوئی گردن چھڑانا (یعنی غلام خرید کر آزاد کرنا، یا مقروض کا قرض ادا کر دینا) یا کھانا کھلانا فاقہ کے دن میں کسی رشتہ دار یتیم کو یا کسی مٹی میں ملنے والے مسکین کو۔

---

[1] البلد: پ ۳۰: آیات ۷ تا ۱۶۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالےٰ نے انسان کو آنکھوں اور کانوں اور زبان والا اس لئے بنایا ہے کہ وہ ہر ضرورت مند کی امداد کرے خواہ عزیز و قریب ہو یا اجنبی ۔

۵ :۔ سورۃ الھمزۃ بھی مکی دور کی سورت ہے یہ پوری سورت سرمایہ داری کے خلاف اس شدت سے گرج رہی ہے کہ انقلاب پسندوں کے تمام لٹریچر میں اس کی نظیر نہیں مل سکتی۔

ترجمہ :۔ تباہی اور بربادی ہے ہر اس شخص کے لئے جو اپنی دولت اور سرمایہ کے زعم میں دوسروں کو طعنہ دیتا ہے ، ان میں عیب نکالتا ہے ۔ جس نے سمیٹا مال اور گن گن کر رکھا خیال کر رہا ہے کہ اس کا مال سدا رہے گا ، ہرگز نہیں ۔ یقین رکھو ایسی آگ میں ڈالا جائے گا کہ اس میں جو کچھ پڑے وہ اس کو توڑ پھوڑ کر رکھ دے ۔ آپ کو کچھ معلوم ہے وہ توڑنے پھوڑنے والی آگ کیا ہے ؟ وہ اللہ کی آگ ہے جو سلگائی گئی ہے ، جو دلوں تک پہنچے گی اور ان پر بند کر دی جائے گی لمبے لمبے ستونوں میں ۔" ؎۱

۶ :۔ حضرت ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک روز حرم کعبہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دیوار کعبہ کے سایہ میں تشریف فرما تھے مجھے آتے دیکھا تو فرمایا ۔

ھم الاخسرون و رب الکعبۃ یوم القیمۃ

رب کعبہ کی قسم قیامت کے روز یہی لوگ سب سے زیادہ خسارہ میں رہیں گے ۔

حضرت ابو ذر رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے یہ الفاظ سنے تو لرز گیا ۔ مجھے خوف ہوا کہ شاید یہ میرے بارے میں نازل ہوا ہے ۔ میں نے عرض کیا آپ پر میرے ماں باپ قربان ہوں کن کے متعلق یہ ارشاد ہو رہا ہے ؟

فرمایا کہ وہی جن کے پاس دولت زیادہ ہے ۔ پھر ہاتھ پھیلا کر دائیں بائیں ہاتھ بڑھاتے ہوئے فرمایا ۔ اس خسارے سے صرف وہ لوگ مستثنیٰ ہو سکتے ہیں جو اس طرح دونوں ہاتھ بڑھا کر سامنے دیتے ہیں ، دائیں دیتے ہیں ، بائیں دیتے ہیں ؎۲

---

؎۱ الھمزہ : ۱۰۴ ، پ ۳۰ ۔ ؎۲ ترمذی ابواب البر والصلہ ، ج ۲ ، ص

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بہرحال اسلام جس کو قرض کہتا ہے اس کا اثر تو یہ ہوتا ہے کہ دولت مند کی ابھری ہوئی سطح پست ہو جاتی ہے۔ کیونکہ اس قرض میں کبھی پوری دولت کا بھی مطالبہ ہو جاتا ہے۔

يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ۔۔۔ قُلِ الْعَفْوَ [1]

آپ سے پوچھتے ہیں کیا خرچ کریں ؟ آپ فرما دیں جو کچھ افزود ہے سب خرچ کرو۔

اس سے غریب کی غربت ختم ہوتی ہے اور حاجت مند کی حاجت پوری ہوتی ہے۔ اور پسماندہ طبقہ پروان چڑھتا ہے۔ لیکن سرکاری قرضوں کا اثر یہ ہوتا ہے کہ امیر زیادہ امیر اور غریب زیادہ غریب ہو جاتا ہے۔ صاحب دولت کی دولت خدا کے نام پر خزانہ سے نکل کر گردش کرے گی تو ظاہر ہے دولت مند کو اس دولت سے دنیا میں کچھ فائدہ حاصل ہو گا تو عوام اور غریب طبقہ کو بہت فائدہ ہو گا وہ یہ کہ ان کی اقتصادی سطح بلند ہو جائے گی۔ اس طرح امیری اور غریبی کے درمیان مسافت اعتدال پر آجائے گی۔

اس لئے اللہ تعالیٰ نے بندوں سے قرض حسنہ مانگا ہے۔ تاکہ اس کے سب بندے سکون وچین کے ساتھ زندگی بسر کر سکیں۔ اور اللہ تعالیٰ نے بندوں پر خرچ کو اپنے نفس پر خرچ سے تعبیر فرمایا ہے۔

ایک حدیثِ پاک میں آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت میں ایک شخص سے فرمائیں گے۔ اے بندۂ خدا میں بھوکا تھا تو نے مجھے کھانا نہیں کھلایا۔ میں ننگا تھا تو نے مجھے کپڑا نہ پہنایا۔ میں بیمار تھا تو نے میری بیمار پرسی نہ کی ؟ وہ شخص کہے گا اے اللہ تعالیٰ تو تو ان چیزوں سے پاک ہے۔ تو جواب ملے گا۔ تیرے پاس میرا فلاں بندہ بھوکا آیا تھا اس نے تجھ سے کھانا مانگا تو نے اس کو کھانا نہ دیا۔ اگر تو اس کو کھانا دیتا تو گویا مجھے کھانا دیتا۔ اگر اس کو کپڑا دیتا تو گویا مجھے کپڑا دیتا وغیرہ وغیرہ [2]

اس روایت سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے بندوں پر خرچ کرنے کو اللہ تعالیٰ نے اپنے نفس سے تعبیر کیا ہے۔ اور اسی کا نام قرض حسنہ رکھا ہے اور قرض کا معاوضہ اپنے ذمہ لازمی

---

[1] بقرہ : آیت ۲۱۸ - [2] مسلم شریف : الحث علی الصدقہ : ج ۱ ص ۳۲۷ -

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کیا ہے ۔ اس قرض سے عوام کی ضرورت پوری ہو رہی ہے ، ان کی سطح بلند ہو رہی ہے ۔ اور اہلِ ثروت کا اخلاقی فرض ادا ہو رہا ہے ۔ خود غرضی اور سنگدلی کی بجائے آپس میں محبت ہمدردی اور احترام کے جذبات بڑھ رہے ہیں ۔

## اسبابِ فرمانروائی و محبت

محبت رُوحانی تعلیم سے پیدا ہوتی ہے ۔ ماں باپ کی محبت فطری ہوتی ہے لیکن سماج اور معاشرے کا ہر ایک فرد دوسرے کا ماں باپ نہیں ہوتا ۔ اس میں برابر کے بھائی بہن بھی ہوتے ہیں ۔ اور ایسے اجنبی بھی ہوتے ہیں جن سے خون کا کوئی رشتہ نہیں ہوتا ۔ یا اگر ہوتا ہے تو بہت دور کا ہوتا ہے ۔ محبت اور انسیت ثمرہ ہوتا ہے احسان کا ، نتیجہ ہوتا ہے لطف و کرم کا ، ایثار و قربانی کا داد و دہش اور سخاوت کے پودوں پر محبت کے پھول کھلا کرتے ہیں ۔ ہدیہ و تحفہ کی ڈالیوں پر عنایت و شفقت کے غنچے چٹخا کرتے ہیں ۔

لیکن اس طرح کے سماج کی تشکیل و تخلیق میں جو چیز بنیاد کی حیثیت رکھتی ہے وہ انفاق ہے یعنی اپنی دولت کو خرچ کرنا ۔ اور یہی خرچ دوسرے کو متاثر کرتا ہے ۔ اپنی ضرورت کو پس پشت ڈال کر جب دوسرے کی ضرورت کو مقدم سمجھا جائے تو اس کا ثمرہ جذبہ شکر گزاری ہو گا جو شکر گزار جاں نثار بھی ہو سکتا ہے ۔ اور احسان کرنے والا قدرتی طور پر فرمانروا بھی بن جاتا ہے ۔ الانسان عبد الاحسان ۔ انسان احسان کا بندہ ہے ۔

## خسارہ پورا کرنے والا آمدنی کا ایک مدّ

قرضِ حسنہ آمدنی کی ایک ایسی مد ہے جس سے ملک کے بجٹ کا خسارہ پورا کیا جا سکتا ہے ہر سال ملک میں خسارے کے بجٹ کا اعلان ہوتا ہے مگر قرضِ حسنہ ایک ایسی اسلامی دفعہ ہے جس پر عمل پیرا ہونے سے منافع کا بجٹ پاس ہوا کرے گا ۔ سورۃ انفال : آیت ۶۰ ۔ سورۃ محمدؐ : آیت ۲۸ ۔ سورۃ بقرہ : آیت ۱۹۵ ۔ اس پر شاہد ہے کہ جو لوگ اللہ تعالےٰ کی راہ میں قرضِ حسنہ دیتے ہیں دس گنا سے بھی زیادہ بڑھا دیتے ہیں ۔ اب بتلایئے آمدنی جب دس گنا سے زائد بڑھ جائے گی تو خسارہ کیسے ہو گا ؟

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہماری حکومتیں بھی قرض لیتی ہیں جن کا سود بھی ادا کرتی ہیں مگر اس قرض کا بوجھ ملک کے غریب عوام جو ٹیکس دینے والے ہوتے ہیں ان پر پڑ جاتا ہے۔ جن سے عوام کی معیشت تباہ ہو جاتی ہے اور زندگی تنگ ہو جاتی ہے۔

یَمْحَقُ اللّٰہُ الرِّبٰوا وَ یُرْبِی الصَّدَقٰتِ ۔ البقرہ

ترجمہ :۔ اللہ تعالیٰ سود سے برباد کرتا ہے اور صدقات سے ترقی دیتا ہے۔

## ایک مثال

جن صحابۂ کرام علیہم الرضوان نے ارشادِ خداوندی کی تعمیل میں انفاق فی سبیل اللہ کیا۔ ان کو اللہ تعالیٰ نے اپنے وعدہ کے مطابق دنیا میں پورا پورا بدلہ دیا۔ اور آخرت میں تو ملے ہی گا۔ مثلاً حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ابتدائی حالت یہ تھی کہ ان کی اہلیہ محترمہ حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا اونٹ کے چارے اور چولہے کے سوختے کے لئے بار دو تین میل دور سے اپنے سر پر رکھ کر لایا کرتی تھیں۔ مگر تینتیس سال بعد جب وہ شہید ہو گئے تو ان کا ترکہ پانچ کروڑ سے زیادہ کا تھا جو قطعاً جائز اور پاک آمدنی سے حاصل ہوا تھا۔ جب کہ وہ تمام غزوات میں پیش پیش رہے تھے۔ اور کروڑوں روپے راہِ خدا میں خرچ کئے تھے۔ [1]

اسلامی مملکت کا یہ فرض ہوتا ہے کہ وہ صدقاتِ واجبہ کو قانونی طور پر وصول کرے اور اخلاقی طور پر ملک کے سرمایہ دار طبقہ کو انفاق فی سبیل اللہ کی ترغیب دے۔

## دولت کا اندازہ

اب سوال یہ ہے کہ یہ کیسے معلوم ہوگا کہ کون شخص اتنی قدرت کا مالک ہے کہ وہ قرض حسنہ سے ملکی خسارے کو پورا کر سکتا ہے ؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ صاحبِ نصاب لوگ جب سالانہ ایک ہزار روپیہ زکوٰۃ دیتے ہیں تو یہ اندازہ ہو سکتا ہے کہ اس کا کل اثاثہ چالیس ہزار ہوگا۔

اب اگر اس انتالیس ہزار میں سے دو چار ہزار مزید ملک و ملت کی خدمت کر دیتا ہے تو ملک کا اقتصادی بحران خود بخود ختم ہو جاتا ہے۔ اور یہ ملک کے سرمایہ دار پر قومی اور ملی حق بھی ہے

---

[1] بخاری شریف ، ص ۴۴۱ و ۴۴۲ ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کیونکہ وہ اس ملک کے دیگر مفادات سے مستفید ہو رہا ہے۔ نیز حُبّ الوطن من الایمان "وطن کی محبت ایمان کا تقاضہ ہے" کے تحت ایسا ہر شخص کو کرنا چاہئے کہ وہ اپنی ضروریات سے افزودہ اور فاضل رقم قرض حسنہ کے طور پر ملک و ملت پر صرف کرے۔ ؎۱

**قرض حسنہ کے شعبے** ــ زکوٰۃ کے علاوہ صدقات کی اسلامی اصطلاح اس بات کا پتہ دیتی ہے کہ اسلام دولت مند کو زکوٰۃ دینے کے بعد بھی قومی و اجتماعی انفاق کی ذمہ داری سے سبکدوش نہیں کرتا بلکہ زکوٰۃ کے علاوہ انفاق کے لئے دوسری راہیں بھی کھولتا ہے۔ اور ان کو صدقات اور قرض حسنہ سے تعبیر کرتا ہے۔ صدقات کی یہ ذمہ داری دو حصوں پر تقسیم کی گئی ہے۔ ایک انفرادی یعنی کسی متمول فرد کا کسی حاجت مند کی حاجت روائی کے لئے بطور خود انفاق کرنا۔

دوسرا اجتماعی یعنی زکوٰۃ کی طرح قوم کی اجتماعی اقتصادی حالت کی بہتری اور حاجت مندوں کی حاجت کے انسداد کے لئے بذریعہ حکومت خرچ کرنا۔ مثلاً صدقہ فطر، غریب والدین کا نفقہ، غریب اولاد کا نفقہ، جہاد اور رفاہِ عام کے اہم مواقع میں بیت المال کے علاوہ فنڈ کی فراہمی وغیرہ۔

اس مقام کی وضاحت میں بعض کم علم لوگوں کو یہ غلط فہمی پیدا ہو گئی کہ مسلمان دولت مند طبقہ پر زکوٰۃ یا صدقۃ الفطر کے علاوہ (انفاق) کا کوئی شرعی مطالبہ عائد نہیں کرتا۔ حالانکہ ایسا نہیں ہے اور جس نے بھی ایسا کیا ہے قلت تدبیر کی بنا پر کیا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما کی تصریح ہے کہ زکوٰۃ کے علاوہ بھی بعض حقوقِ مالی غنی کے ذمہ واجب ہیں۔ فرماتے ہیں۔

فی مالك حق سوی الزكوة وصح عن الشعبی وغیرہ ؎۲

تیرے مال میں زکوٰۃ کے علاوہ بھی حقوق ہیں۔

---

؎۱ دورِ حاضر کے سیاسی اور اقتصادی مسائل ، از مولانا محمد میاں رحمۃ اللہ علیہ ، ص ۲۲۸

؎۲ اسلام کا اقتصادی نظام ، ص ۱۱۱ ، از مولانا حفظ الرحمٰن ؒ ، مطبوعہ ادارہ اسلامیات ، لاہور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کا مقالہ

حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ جو اس صدی کے مفکر اسلام مانے گئے ہیں جن کی شخصیت ہر طبقہ و فرقہ میں غیر متنازعہ ہے فرماتے ہیں۔

"غور کرو بلاشبہ عقل و حکمت کا تقاضہ یہ ہے کہ انسانوں کے درمیان یہ طریقہ لازمی اور ضروری ہونا چاہیئے کہ اہل قبیلہ آپس میں ایک دوسرے کی مدد کریں اور دردمندی اور بہی خواہی کا ثبوت دیں اور ایک دوسرے کے نفع و نقصان کو اپنا ذاتی نفع او نقصان سمجھیں اور یہ بات ایسی جبلت اور خلقت کے بغیر ناممکن ہے جس کی پشت پر اس کو مضبوط بنانے کے لئے خارجی اسباب اور اس کو محفوظ رکھنے کے لئے سنت متوارثہ موجود ہو۔ یہاں جبلت تو اس علاقہ کا نام ہے جو باپ اور بیٹے یا مثلاً بھائی بھائی کے درمیان موجود ہے۔ اور اسی طرح دو یا چند عزیزوں کے درمیان ہوا کرتا ہے۔ اور اسباب خارجی باہمی الفت و مودت، رہنمائی، غمگساری، ہمدردی وغیرہ کا نام ہے۔ کیونکہ یہ امور آپس میں محبت پیدا کرتے اور مصائب و آلام میں ایک دوسرے کی اعانت و بصیرت کے لئے بہادر بناتے ہیں۔ اور سنت ان امور کو کہتے ہیں جن کو شریعت کی زبان لوگوں میں رشتۂ اخوت پیدا کرنے کے لئے ضروری قرار دیتی ہے۔ اور اس کے نہ کرنے پر قابلِ ملامت ٹھہراتی ہے۔ مثلاً وہ حکم دیتی ہے کہ صلہ رحمی ضروری ہے اور ایسا نہ کرنے والا آثم اور گنہگار ہے۔

اگر کوئی شخص ان عمدہ صفات سے بغاوت کرتا ہے تو حکمرانوں کی یہ ذمہ داری ہو جاتی ہے کہ ان اخلاقی امور کی نگرانی کرے۔" [1]

اب شعبوں کی تفصیل ذکر کرتے ہیں۔

قرض حسنہ کا ایک شعبہ وراثت و ترکہ ہے۔ کیونکہ اس کے ذریعہ سے ورثاء اور قرابت داروں

---

[1] حجۃ اللہ البالغہ، ص ۱۱۷۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی معاشی حالت مضبوط ہوتی ہے ۔ ارشاد نبوی ہے ۔

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالے عنہ فرماتے ہیں کہ میں بیمار ہوا فتح مکہ والے سال ۔ اور مرنے کے قریب ہو گیا ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم میری عیادت کو تشریف لائے ۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرا مال بہت ہے اور میری وارث میری صرف ایک بیٹی ہے ۔ تو کیا میں اپنے سارے مال کی راہ خدا میں وصیت کر جاؤں ؟ فرمایا نہیں ۔ پھر میں نے کہا کیا دو ثلث مال کی وصیت کروں ؟ آپ نے فرمایا نہیں ۔ کیا نصف مال کی وصیت کروں ؟ فرمایا نہیں ۔ کیا ایک تہائی وصیت کروں ؟ فرمایا تہائی کافی ہے ۔ اور تہائی بھی بہت ہے ۔ اسکے بعد فرمایا ۔

انّك ان تذر ورثتك اغنياء خير من ان تذرهم عالة يتكففون الناس انك لن تنفق نفقة الا اجوت فيها حتى اللقمة ترفعها الى فى امراتك [1]

ترجمہ :۔ البتہ ورثاء کو غنی بنا کر چھوڑنا بہتر ہے اس سے کہ وہ تنگ دست رہ کر لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلاتے پھریں ۔ اہل حقوق پر جو بھی تو خرچ کرے گا تجھے اس کا اجر ملے گا ۔ یہاں تک کہ اگر ایک لقمہ تو اپنی بیوی کے منہ میں لے جائے گا تو تجھے اس کا بھی بدلہ اور اجر ملے گا ۔

اس حدیث سے واضح طور پر معلوم ہو رہا ہے کہ ورثاء کے لئے مال کو چھوڑ جانا بہت بڑے اجر کا باعث ہے ۔ نیز متعدد مرتبہ دیکھنے میں آیا ہے کہ بعض رشتہ دار بہت مفلس اور تنگ معیشت والے ہوتے ہیں جب کوئی دوسرا رشتہ دار فوت ہوتا ہے اور اس کا مال وراثت تقسیم ہوتا ہے تو وہ بہت بڑے سرمایہ دار ہو جاتے ہیں ۔ اور ان کی معاشی حالت بہت بہتر ہو جاتی ہے ۔

---

[1] ترمذی شریف اردو : ج اوّل : ص ۵۷۷ ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## اوقاف

قرضِ حسنہ کے شعبوں میں سے ایک شعبہ وقف بھی ہے۔ وقف کی حکمت یہ ہے کہ ایک شخص اپنی پیدا کردہ یا دوسرے جائز ذرائع سے حاصل کردہ دولت اپنی ضروریات سے فاضل سمجھتا ہے لیکن دولت کی محبت اور سرمایہ کی فراہمی کا عشق اس کو حاجت مندوں کی اعانت اور جماعت سے غریب افراد کی امداد کی جانب کسی طرح متوجہ نہیں ہونے دیتے اور وہ دولت کو بڑھاتا ہی جاتا ہے۔ لیکن جب اس کا آخری وقت آتا ہے اور وہ موت کے فولادی پنجہ کی گرفت میں آکر مغلوب ہو جاتا ہے تو حسرت اور یاس کے ساتھ اس دولت سے منہ موڑنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ لہٰذا اسلام کہتا ہے کہ موت کے فولادی پنجہ سے قبل اپنی محبوب دولت میں سے کچھ خدا کے نام پر دے جانا چاہیئے تاکہ صدقہ جاریہ رہے۔ چنانچہ قرآن عزیز میں اس قسم کے انفاق اور جماعتی افادیت کو اس طرح بیان کیا گیا ہے۔

لن تنالوا البر حتی تنفقوا مما تحبون [۱]

ترجمہ :۔ تم ہرگز خیر اور بھلائی کو پہنچ نہیں سکتے جب تک خدا کی راہ میں اس چیز کو خرچ نہ کرو، جو تمہارے لئے سب سے پیاری اور محبوب ہے۔

اور داعی انقلاب نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس قانون کی تشریح اس طرح فرمائی ہے۔

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا مات الانسان انقطع عنہ عملہ الا من ثلثۃ الا من صدقۃ جاریۃ او علم ینتفع بہ او ولد صالح یدعو لہ [۲]

ترجمہ :۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب انسان مر جاتا ہے تو اس کے تمام عمل ختم ہو جاتے ہیں مگر تین مستثنیٰ ہیں۔ ایک صدقہ جاریہ، دوسرا علم نافع، اور تیسرا نیک اولاد، جو اس کے لئے دعا گو رہے۔

---

[۱] پ ۴، ع اوّل، آل عمران۔ [۲] مشکوٰۃ شریف، ج اوّل، ص

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



صدقہ جاریہ کی جس قدر جزئیات علماء اسلام نے شمار کرائی ہیں ان سب میں وقف اعلیٰ اور مقدم ہے۔ اور اسی لئے سب سے قبل متمول صحابہ کرام رضہ نے اس ترغیب پر لبیک کہا اور ملکیت کو وقف کر کے خدا تعالےٰ سے اجر کے طالب ہوئے۔ مثلاً حضرت ابوطلحہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ مدینہ کے سب سے زیادہ مال دار تھے۔ ان کا سب سے زیادہ محبوب مال بیرحا (کھجوروں کا باغ) تھا۔ مسجد نبویؐ کے قریب تھا انہوں نے یہ باغ وقف کیا اور کہا کہ میں اللہ تعالےٰ سے اجر اور اس کے ذخیرۂ خیر کا طالب ہوں۔ نیز حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے ارض خیبر کی جاگیر اللہ کے نام پر وقف فرمائی۔

**وقف کا حکم** وقف شدہ جاگیر کسی کی ذاتی پراپرٹی نہیں رہتی بلکہ رفاہ عام کا ایک قائم و دائم سرمایہ بن جاتا ہے [۱]

**وقف کی اقسام** وقف کی دو قسمیں ہیں۔ ایک وقف اہلی۔ (۲) وقف خیری۔ وقف اہلی یعنی اولاد پر یا قرابت داروں کے لئے وقف ہو۔ اس میں اولاد اور اقرباء اور جمیع امور خیر شامل ہوتے ہیں۔ اور وقف خیری میں صرف امور خیر ہی کے لئے وقف کیا جاتا ہے۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا وقف اہلی میں شمار کیا گیا۔ اور حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا وقف وقف علی الخیر کی قسم میں رکھا گیا [۲]

**ہبہ** قرض حسنہ کے شعبوں میں سے تیسرا شعبہ ہبہ ہے۔ اجتماعی معاشی نظام میں ہبہ بھی ایک مفید طریق کار ہے۔ بشرطیکہ واہب کا مقصد نیک ہو اور کسی کی حق تلفی بھی نہ کر رہا ہو۔

ہبہ میں اگرچہ فقیر یا حاجت مند کی شرط نہیں بلکہ غنی کو بھی ہبہ کیا جا سکتا ہے مگر اسلام کے معاشی نظام میں صرف اسی شق کا اعتبار ہوتا ہے جس میں غرباء اور حاجت مندوں کی حاجت کا انسداد ہو۔ حدیث شریف میں ہبہ کی ترغیب دیتے ہوئے یہ حکمت بیان فرمائی گئی ہے کہ ہدیہ اور ہبہ کی عادت ڈالو اس سے باہمی محبت اور مودت مستحکم ہوتی ہے۔

---

[۱] ردالمحتار، ج ۳، ص ، کتاب الوقف، جامع الاصول، ج ۲، ص ۱۷۷۔ [۲] جامع الاصول، ج ۲، ص ۲۷۳۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تہادوا تحابوا[1] - آپس میں ہدیہ لیا دیا کرو آپس میں محبت پیدا ہوتی ہے -

## ہبہ کی تعریف

فقہ اسلامی میں ہبہ کی تعریف ان الفاظ میں کی گئی ہے - وہ کسی شئی کو دوسرے کی ملکیت میں بغیر عوض کے دے دینا - جو کہ قرض حسنہ کی اصطلاحات میں سے ہے -

حدیث شریف میں اس کی حکمت معاشی وسائل میں اضافہ بتائی گئی ہے - ارشاد ہے کہ اگر سوال اور انتظار کے بغیر ایک شخص اپنے مسلمان بھائی کے ساتھ مالی بھلائی کرتا ہے تو اس کو قبول کر لینا چاہیئے اور رد نہ کرنا چاہیئے - اس لئے کہ یہ رزق ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس بہانہ سے اس کے لئے مقرر کیا ہے -[2]

بہرحال ہبہ میں بھی اسی صورت کو ترجیح دی گئی ہے جو نیک نیتی سے حاجت مندوں پر ہو -

## وصیّت

قرض حسنہ کا چوتھا شعبہ وصیت ہے انسان اپنی زندگی کے لمحات میں موت کی حقیقت سے آگاہ ہونے اور مسلسل مشاہدہ کرتے رہنے کے باوجود اکثر حقوق واجبہ و نافلہ سے غافل رہتا ہے - لیکن جب یقین ہو جاتا ہے کہ پنجۂ موت نے دبا لیا ہے تب اضطرابی کیفیت کے ساتھ تلاش کرتا ہے کہ کیا اب بھی مکافات کی کوئی شکل ہے تو اس سے بہتر کوئی صورت اسے نظر نہیں آتی کہ کوئی ایسا عمل کیا جائے کہ مرنے کے بعد تا قیامت اس کا اجر ملتا رہے - لہٰذا اس عمل کا نام وصیت ہی ہے -

## وصیت کی تعریف

کسی شئی کو یا اس کے منافع کو بطریق حسن سلوک یہ کہہ دینا، یا لکھ دینا کہ میری موت کے بعد فلاں کے لئے میری اتنی جائیداد یا مال وصیت ہے - غرض وصیت ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعہ سے ایک متمول اپنی آخری لمحات حیات میں بطور تبرّع اور حسن سلوک غرباء اور اہل حاجات کو مالی فائدہ پہنچا دیتا ہے - اور

---

[1] مسند ابویعلی، از جامع الصغیر، جلد ۱، ص ۴۵۴ - [2] سعیدیات حصہ دوم، ص ۱۳۔ بحوالہ اسلام کا اقتصادی نظام، ص ۳۲۴ -

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بسا اوقات اس طریق کار سے اہم اور ضروری اجتماعی کام بخوبی انجام پاتے ہیں۔
اس میں بھی یہی شرط ہے کہ موصی غربا۔ و ضرورت مند طبقہ کو ترجیح دے اور کارِ خیر میں وصیت کرے۔

**عاریت** کسی شخص کا اپنی ملکیت کے منافع کو بغیر معاوضہ کے دوسرے کی ملک بنا دینا اسلامی نقطۂ نظر سے عاریت کہلاتا ہے۔

واجتمعت الامة علی جوازها واستحبابها واستحسانها لما فیها من اجابة المضطر واغاثة الملهوف۔ [1]

ترجمہ:۔ امت کا اس پر اجماع ہے کہ عاریت نہ صرف جائز ہے بلکہ مستحسن اور مستحب ہے اس لئے کہ اس میں مضطر اور نادار کی حاجت روائی اور اعانت ہے۔

کون نہیں جانتا کہ ضرورت کی ہر شئے ہر شخص کے پاس نہیں ہوتی اور وہ بھی انسان ہیں جو قوت خرید نہیں رکھتے۔ پس اگر ان کی اعانت کا یہ طریقہ جو عاریت کی شکل میں پیش آتا ہے معاشی نظام کا حصہ نہ بنے اور اس کو رائج کرنے کے لئے اقدام نہ کیا جائے تو باہمی معاشی تعاون کا ایک ضروری حصہ معدوم ہو جائے۔ قرآن کریم میں ان انسانوں کی سخت مذمت کی گئی ہے جو ایسے مضطر اور نادار کی اعانت اور امداد سے باز رہے اور اپنی چیز کو عاریت پر دینے سے گریز کرتے ہیں۔
ارشاد ربانی ہے۔ ویمنعون الماعون ترجمہ:۔ اور ان کے لئے بھی ہلاکت ہے جو برتنے کی چیز کو عاریت پر نہ دیں۔
حدیث پاک میں آتا ہے۔

من کان فی عون اخیه کان الله فی عونه [2]

جو شخص اپنے بھائی کی امداد میں ہوتا ہے تو اللہ تعالے اس کی امداد میں ہوتا ہے۔

**امانت** ایک شخص اگر نقدی یا مال کسی دوسرے شخص کے پاس امانت رکھتا ہے اور امین کو اجازت دیتا ہے کہ ضرورت کے وقت وہ تصرف کر سکتا ہے تو یہ بھی ایک

---

[1] اسلام کا اقتصادی نظام: مولانا حفظ الرحمن سیوہاروی رح، ص، ۲۲۳ [2] مشکوۃ شریف، ج ۲، ص ۴۲۲۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اعانت ہے اور حاجت مند کی حاجت کو پورا کرنا ہے۔ چنانچہ ایک حدیث میں اس کے افادی پہلو کو ان الفاظ میں ادا کیا گیا ہے۔ الامانۃ غنیً ۔ یعنی امانت ایک قسم کی رفاہیت ہے۔ اور مشہور محدث ابن اثیر رح نے نہایہ میں اس جملہ کی یہ تشریح فرمائی ہے کہ امانت امین کی رفاہیت کا باعث بنتی ہے اس لئے کہ جب اس کی امانت داری کی شہرت ہو گی لوگ کثرت سے اپنے مال کو اس کی امانت میں رکھنے کا اقدام کریں گے اور جب اس کو تصرف کی اجازت مل جائے گی تو یہ اس کی رفاہیت اور فراخی معیشت کا سبب بن جائے گی [۱]

**خلاصہ** — مذکورہ صورتیں انسانی کفالت کی بہترین صورتیں ہیں۔ جب کہ یہ سب کام ملکی و ملی تقاضوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے اور جذبۂ خدمتِ خلق کے طور پر کئے جائیں۔

اسلام میں قرض حسنہ کی حیثیت بھی یہی ہے جیسے کہ قرض حسنہ کی تعریف سے ظاہر ہے کہ ایک دولت مند کسی ضرورت مند کی ضرورت کے انسداد اور اس کی حاجت روائی کے لئے اس طرح اپنی رقم سے فائدہ پہنچائے کہ اس کا کوئی بدل اس سے حاصل نہ کرے۔ اور چونکہ یہ اخلاقی مسئلہ ہے اس لئے احادیث میں قرض خواہ کو قرضدار کی دعوت قبول کرنے سے احتیاط کا حکم دیا گیا ہے۔ تاکہ عوض خواہی کا قطعاً سد باب ہو جائے۔ کیونکہ ممکن ہے کہ قرض دار اس لئے قرض خواہ کی دعوت کرتا ہو کہ وہ اپنے قرض کا جلد مطالبہ نہ کرے اور اس حالت میں یہ بھی ایک قسم کا ربوٰ ہو جائے گا۔ اِلّا یہ کہ دونوں کے درمیان اس معاملہ سے قبل بھی اس قسم کے تعلقات قائم ہوں۔ اور چونکہ اس معاملہ میں قرض دار کی جانب سے بد دیانتی اور وفاءِ عہد کے فقدان کا زبردست خطرہ ہے اس لئے اس قسم کی اعانت کو واجب نہیں کہا گیا بلکہ خدا تعالیٰ کے انعام و اکرام کے وعدوں کے ساتھ صرف اخلاقی ترغیب ہی پر اکتفاء کیا گیا۔ اور ساتھ ہی قرضدار کو سخت تنبیہ کی گئی کہ قرض حسن کے یہ معنی نہیں ہیں کہ قدرتِ ادا کے باوجود دوسرے کی رقم ہضم کر جائے یا تاخیر کر کے قرض دہندہ کو نقصان پہنچائے۔

ارشاد نبویؐ ہے۔ مطل الغنی ظلم [۲] ترجمہ :- دینے کی قدرت کے باوجود،

---

[۱] نہایہ، ج اوّل، باب امانت بحوالہ اسلام کا اقتصادی نظام، ص ۳۲۹۔ [۲] بخاری شریف۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دوسروں کے حق مطالبہ کی ادا میں تاخیر ظلم ہے۔

اَلدَّیْنُ مَقْضِی ۔ ترجمہ:۔ قرض کی بروقت ادا فرض ہے۔

علی الیہ ما اخذت حتی تودی ۔

ترجمہ:۔ جو کسی نے کسی سے چیز لی ہے جب تک ادا نہ کرے اس کا بارِ ادا اس پر برابر قائم ہے[۱]

## قرضِ حسنہ کی علتِ غائی

قرآن مجید کی آیات جن کا ترجمہ سطور بالا میں گزر چکا ہے بار بار مطالبہ کیا گیا اَقْرِضُوا اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا

کہ اللہ تعالیٰ کو قرضِ حسنہ دو اور اس کا مصرف عباد اللہ کو بنایا گیا۔ تو اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قرضہ مانگ کر اپنے بندوں پر صرف کرنے کا حکم کیوں دیا؟ ایسا کیوں نہ کر دیا کہ وہ اپنے سب بندوں کو دولت مند بنا دیتا اور سب کا رزق فراخ کر دیتا۔

۱:۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ بندوں کے ہاتھوں سے بندوں کو دلوا کر انسانیت کا مفہوم سمجھا رہا ہے کہ انسانیت انس و محبت کا نام ہے اور انس و محبت کے اظہار کی یہی شکل ہے کہ ایک دوسرے کے ساتھ داد و دہش کا معاملہ کیا جائے۔

۲:۔ نیز ارشاد نبویؐ ہے۔

الانسان کا لبنیان یشد بعضہ بعضا۔[۲]

ترجمہ:۔ انسان کی مثال عمارت کی سی ہے جس طرح عمارت میں ایک اینٹ دوسری کو مضبوط کرتی ہے تو اسی طرح ایک انسان تب ہی انسان بن سکتا ہے جب کہ وہ دوسرے انسان کے ہاتھ مضبوط کرے۔

۳:۔ المومن کمثل الجسد الواحد اذا اشتکی عینہ اشتکی کلہ واذا اشتکی رأسہ اشتکی کلہ۔[۳]

---

[۱] اسلام کا اقتصادی نظام: ص ۳۲۶ - [۲] مشکوٰۃ شریف: ج دوم: ص ۴۲۲

[۳] مشکوٰۃ شریف: ج دوم: ص ۴۲۲۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ترجمہ :- سب مومن ایک جسم کی مانند ہیں جب اس کی آنکھ کو درد ہوتا ہے تو سارے جسم کو درد محسوس ہوتا ہے ۔ اور جب سر کو درد ہوتا ہے تو اس کے سارے بدن کو درد ہوتا ہے ۔

اسی طرح انسان مومن کہلانے کا حق دار تب ہی ہو گا جب کہ دوسرے مسلمان کی تکلیف اور حاجت کو اپنی تکلیف اور حاجت سمجھے ۔ اور اس کی تکلیف و حاجت کو ایسے ہی دور کرے جیسے اپنی حاجت و تکلیف کو دور کرتا ہے ۔

**احساسِ فرض** یہ حکم دے کر انسان کو احساسِ فرض دلایا گیا ہے کہ انسانیت رحمدلی ہمدردی، کا نام ہے ۔ نہ کہ سنگدلی اور بربریت کا ۔ انسانیت خیر خواہی اور برابری کا نام ہے نہ کہ بدخواہی اور جبر و تکبر کا ۔

نیز دولت و ثروت جمع و ذخیرہ کے لئے نہیں بلکہ صرف و خرچ کے لئے ہے اور اس کا مصرف صرف ذاتی و انفرادی تعیش نہیں بلکہ اجتماعی ضروریات کی کفالت ہے ۔ مال کی گردش جمیع طبقہائے انسانی کی حیات کا ذریعہ ہے اور احتکار و اکتناز (جمع کرنا) باعث تباہی و بربادی ارشاد ربانی ہے ۔

وَ اَنۡفِقُوۡا فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ وَلَا تُلۡقُوۡا بِاَیۡدِیۡکُمۡ اِلَی التَّہۡلُکَۃِ ۔ [1]

ترجمہ :- اور اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور اپنے ہاتھوں سے اپنے آپ کو ہلاک نہ کرو ۔ (یعنی انفاق فی سبیل اللہ سے رکنا خود کو ہلاکت میں ڈالنا ہے ) ۔

**حقیقی قرض کے احکام** چونکہ ہمارے مقالے کے عنوان میں لفظِ "قرض" ایک جزو ہے اس لئے ہم مناسب سمجھتے ہیں کہ حقیقی قرض کے احکام بھی تحریر کر دیئے جائیں ۔ قرضِ حسنہ کو تو استعارۃً قرض سے موسوم کیا گیا ہے حقیقی قرض تو یہ ہے کہ ایک شخص دوسرے شخص کو مالِ مثلی واپسی کی شرط کے ساتھ دیتا ہے ۔ نیز یہ بھی یاد رہے کہ قرض کی لغوی اور اصطلاحی تعریف آغازِ مقالہ میں ذکر کر دی گئی ہے ۔ اب بقیہ احکام ذکر کئے

---

[1] البقرۃ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جاتے ہیں۔

**رکن قرض**

اما رکنہ فھو الایجاب و القبول و الایجاب قول المقرض أقرضتك ھذا الشیٔ او خذ ھذا الشیٔ قرضا او نحو ذلك والقبول ھو ان یقول المستقرض استقرضت او قبلت الخ [1]

ترجمہ :- قرض کا رکن ایجاب اور قبول ہے۔ ایجاب یہ ہے کہ مقرِض (قرض دینے والا) کہے کہ میں نے تجھے یہ چیز قرض دی یا یہ چیز بطورِ قرض لے۔ اور قبول یہ ہے کہ مُستقرِض (قرض لینے والا) کہے میں نے قرض لیا یا میں نے قرض قبول کیا۔

لیکن امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

ان الرکن فیہ الایجاب و اما القبول فلیس برکن وجہ ھذہ الروایۃ ان الاقراض اعارۃ والقبول لیس برکن فی الاعارۃ۔ [2]

ترجمہ :- قرض میں رکن صرف ایجاب ہے قبول رکن نہیں ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اِقراض (قرض دینا) اعارہ (کوئی چیز مانگنا) ہے۔ اور اعارہ میں قبول رکن نہیں ہے۔

**شرائطِ قرض**

شرائط قرض مختلف ہیں۔ بعض کا تعلق مقرِض (قرض خواہ) کے ساتھ ہے اور بعض کا مستقرِض (قرض دار) کے ساتھ اور بعض کا نفسِ قرض کیساتھ۔

اما الذی یرجع الی المقرض فھو اھلیۃ للتبرع۔

ترجمہ :- وہ شرائط جو قرض خواہ کے ساتھ متعلق ہیں پس وہ اہلیتِ تبرّع ہے۔

یعنی قرض وہی شخص دے سکتا ہے جو دوسرے پر احسان کرنے کا اہل بھی ہو۔ کیوں کہ قرض بھی تبرّع ہے اس لئے کہ اس میں فوراً عوض اور بدلہ مطلوب نہیں ہوتا۔ لہٰذا قرض دینے

---

[1] بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع ۱ ج ۷ ، ص ۳۹۴ -

[2] ” ” ” ” ” ” ”

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کا بھی وہی اہل ہو گا جو تبرّع کا اہل ہے ۔ مثلاً وصی ، صبی (بچہ) ، عبد ما ذون (جس غلام کو تجارت کی اجازت دی گئی ہو) مکاتب (جس کی آزادی مال کے ساتھ مشروط ہو) یہ تبرّع کے اہل نہیں ہیں ۔ لہٰذا یہ کسی کو قرض دینے کے اہل بھی نہ ہوں گے ۔

واما الذی یرجع الی المستقرض ھو القبض و ذلک بالتسلیم الی المستقرض له

ترجمہ :- وہ شرائط جن کا تعلق قرضدار کے ساتھ ہے وہ قبضہ کرنا ہے ۔ اور قبضہ تب ہو گا جب وہ مال مستقرض کو سپرد کر دیا جائے ۔ یعنی اس قرض کے مال پر قرض خواہ قبضہ بھی کر لے تب وہ قرض دار شمار ہو گا ۔

۲ :- ومنہا ان یکون ممالہ مثل کالمکیلات والموزونات والعددیات المتقاربۃ ۔

دوسری شرط یہ ہے کہ وہ قرض مثلی چیز سے ہو جیسے مکیلات (وہ اشیاء جو ناپی جاتی ہیں ۔ یا موزونات (وہ اشیاء جو تولی جاتی ہیں) یا عددیات (وہ اشیاء جو گنی جاتی ہیں) کیونکہ اگر وہ چیز مثلی نہ ہو گی تو اس کا واپس کرنا مشکل ہو جائے گا ۔ نیز قیمت دینا بھی مشکل ہو گا ۔ کیونکہ اشیاء کے تفاوت سے قیمت میں تفاوت ہوتا ہے ۔ اور اس طرح معاملہ نزاع تک پہنچے گا ۔

اسی بناء پر امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف رحمہا اللہ فرماتے ہیں روٹی کو قرض پر لینا جائز نہیں ہے ۔ (یعنی یوں کہنا کہ مجھے ایک روٹی آج قرض دو کل میں واپس کر دوں گا) ۔ کیونکہ روٹی چھوٹی بڑی ہوتی ہے ۔ نیز آٹے میں بھی فرق ہوتا ہے ۔ اس میں بھی نزاع کا امکان ہے ۔ لیکن امام محمد رحمۃ اللہ علیہ عدداً روٹی کے قرض کو جائز رکھتے ہیں عرف عام کی بنا پر کہ عوام ایسے فرق کو محسوس نہیں کرتے ۔

مسئلہ ۲ :- اخروٹ اور انڈے قرض لے سکتے ہیں اور فلوس (پیسے) بھی قرض

---

له بدائع الصنائع ، ج ۷ ، ص ۳۹۵ ۔ له ایضاً ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



لے سکتے ہیں۔ اگر پیسے کھوٹے ہو گئے تو ان کی مثل دیئے جا سکتے ہیں۔

واما الذی یرجع الی نفس القرض فهو ان لا یکون فیه جر منفعة نحو ما اذا اقرضه دراهم غلة علی ان یرد علیه صحاحا او اقرضه وشرط شرطا له فیه منفعة لما روی عن رسول الله صلی الله علیه وسلم انه نهی عن قرض جر نفعا۔ [1]

ترجمہ:۔ وہ شرائط جن کا تعلق نفسِ قرض کے ساتھ ہے وہ یہ ہے کہ اس میں فائدہ حاصل کرنا مقصود نہ ہو۔ مثلاً ایک شخص نے کسی کو کھوٹے درہم قرض دیئے اس شرط پر کہ وہ کھرے درہم واپس کرے گا۔ یا اس کو قرضہ دیا اور اس کے نفع میں کچھ حصہ مقرر کیا۔ نبی علیہ السلام نے ایسے قرض سے منع کیا ہے جسمیں نفع حاصل کرنا مقصود ہو۔

کیونکہ یہ زیادتی مشروطہ سود کے مشابہ ہو گا۔ اور سود حرام ہے۔

والتحرز عن حقیقة الربا أو عن شبهة للربا واجب۔

حقیقی سود اور مشابہ بالسود (جو چیز سود کے مشابہ ہے) سے بچنا واجب ہے۔

**مسئلہ** اگر قرضہ میں نفع مشروط نہ ہو اور نہ ہی قرض خواہ کی خواہش ہو۔ مگر قرضدار اپنی طرف سے ادائیگی قرض عمدہ چیز سے کر دیتا ہے تو اس کا کوئی حرج نہیں بلکہ یہ چیز مندوب ہے۔ کیونکہ نبی علیہ السلام نے فرمایا ہے خیار الناس احسنهم قضاءً۔ سب سے بہتر شخص وہ ہے جو ادائیگی قرض عمدہ طریقے سے کرتا ہے۔

نیز ارشاد نبوی ہے۔

عند قضاء الدین لزمه للوازن زن راجح۔ [2]

ادائیگی قرض کے وقت آپ ؐ نے تولنے والے سے فرمایا کہ ذرا جھکتا وزن کر۔

**مسئلہ** قرض میں مدت کی تعیین بھی نہیں ہوتی۔ خواہ شرط لگائیں یا نہ لگائیں بخلاف

---

[1] بدائع: ج ۷، ص ۳۹۵۔ [2] ایضاً

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



باقی دیون کے۔ کیونکہ قرض ایک قسم کا تبرع اور احسان ہے۔ اور تبرع میں تاجیل مدت نہیں ہوتی۔ نیز قرض عاریت کے قائم مقام ہے۔ والاجل لا یلزم فی العواری۔

اور مانگی ہوئی اشیا میں مدت لازمی نہیں ہوتی۔

**مسئلہ** ہاں ایک اور صورت ہے جس میں مدت متعین ہو جاتی ہے۔ وہ یہ ہے کہ ایک شخص وصیت کرتا ہے کہ میرے مرنے کے بعد ایک سال تک فلاں شخص کو ایک ہزار روپیہ قرض دے دینا۔ اس کی وصیت نافذ ہو جائے گی۔ اور اس شخص کو وہ قرضہ اس کے مال میں سے دیا جائے گا۔ اور اس کے ورثا، ایک سال سے قبل اس قرضہ کا مطالبہ کرنے کے مجاز نہ ہوں گے۔

**قرض کا حکم** واما حکم القرض فھو ثبوت الملک للمستقرض فی القرض للحال۔ [۱]

قرض کا حکم یہ ہے کہ قرضدار اس چیز کا فوراً مالک ہو جائے گا اور اس کو اس میں ہر طرح کے تصرف کا اختیار ہوگا۔

مثلاً ایک شخص نے کسی سے ایک بوری گندم قرض لی یا ایک لاکھ روپیہ قرض لیا تو اب اس کو استعمال کر سکتا ہے۔ اور جب ادا کرے تو اس کی مثل دوسری گندم یا رقم دے سکتا ہے۔ اگر وہی چیز بھی پڑی ہو تب بھی دوسری چیز اس کے مثل دے سکتا ہے۔ اس مسئلہ میں امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کا اختلاف ہے۔ وہ فرماتے ہیں۔ قرض پر صرف قبضہ کرنے سے آدمی مالک نہیں ہوتا جب تک اس کو استعمال نہ کر لے یا ہلاک نہ کر دے۔ لہذا اگر وہی چیز موجود ہے تو ادائیگی قرض کے وقت وہی اصلی چیز واپس کرنی ہوگی۔ امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ اقراض کو اعارۃ کہتے ہیں۔ اور اعارۃ میں وہی چیز واپس کرنی ہوتی ہے۔ ہاں اگر ہلاک ہو جائے تو ضمان ہوتی ہے۔ [۲]

**مسئلہ** بیس آدمیوں نے ایک شخص سے قرضہ مانگا لیکن قبضہ ایک شخص نے کیا۔ تو یہ شخص سب کی طرف سے وکیل ہوگا۔ لہذا ادائیگی سب پر اپنے اپنے حصہ کی ہوگی قرضخواہ

---

[۱] بدائع، ج ۷، ص ۳۹۶ - [۲] ایضاً ردالمحتار، ج ۴، ص ۱۸۱ تا ۱۸۳۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



صرف ایک شخص سے مطالبہ نہیں کرسکتا۔

**مسئلہ** وفیہا استقراض العجین وزنا یجوز وینبغی جوازہ فی الخمیرۃ بلا وزن سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن خمیرۃ یتعاطاھا الجیران أیکون ربا فقال ما راٰہ المسلمون حسنا فہو عند اللہ حسن وما راٰہ المسلمون قبیحا فہو عند اللہ قبیح ۔ [۱]

ترجمہ:۔ آٹا قرض لینا تول کر جائز ہے اور گوندھا ہوا آٹا بھی قرض لیا جاسکتا ہے بلا وزن۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ پڑوسی ایک دوسرے سے گوندھا ہوا آٹا قرض لے لیتے ہیں تو اس کے بارے میں کیا خیال ہے؟ آپؐ نے فرمایا جس کو مسلمان اچھا سمجھتے ہیں اللہ تعالےٰ کے نزدیک بھی حسن ہے۔ اور جس کو مسلمان برا سمجھیں اللہ تعالےٰ کے نزدیک بھی قبیح ہے"

**دَین کے احکامات** گذشتہ صفحات میں قرض اور دَین میں فقہی فرق تحریر کیا جاچکا ہے مگر عام اصطلاح میں قرض اور دَین مترادف سمجھے جاتے ہیں۔ بلکہ قرض اور دَین ایک دوسرے کی جگہ استعمال ہوتے رہتے ہیں۔ دَین اور قرض میں عموم، خصوص من وجہ کی نسبت ہے۔ دَین عام ہے، قرض خاص ہے۔ حدیث پاک میں آتا ہے۔

یغفر للشہید کل ذنب الا الدین [۲]

ترجمہ:۔ قرض کے سوا شہید کے سب گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔

اس حدیث میں ہر قسم کا قرض شامل ہے مالی ہو یا نقدی، تجارتی ہو یا غیر تجارتی۔ اور اکثر باتوں میں دَین اور قرض مساوی شرائط رکھتے ہیں۔ جو احکام دَین کے ہیں وہ قرض کے بھی ہیں۔ دَین کے بارے میں ارشادِ ربانی ہے۔

یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْآ اِذَا تَدَایَنْتُمْ بِدَیْنٍ اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی فَاکْتُبُوْہُ [۳]

---

[۱] ردالمحتار، ج ۴، ص ۱۸۳۔ [۲] مشکوٰۃ، ج اوّل، ص ۔ [۳] البقرہ، پ ۳، ع ۶، آیت ۲۸۲۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ترجمہ :- اے اہل ایمان جب لین دین میں ایک مقررہ مدت کے لئے ادھار کا معاملہ کرو تو اسے لکھ لیا کرو۔

**تشریح**

اس مکمل آیت میں قرض داروں اور قرض خواہوں کو نزاع سے بچانے کے لئے یہ ہدایات دی ہیں

— اوّل :- جب کسی قرض کا لین دین بقید مدت ہو تو اس کی دستاویز لکھ لی جائے

— دوم :- دستاویز لکھنے والا انصاف سے لکھے۔

— سوم :- لکھنے والا لکھنے سے انکار نہ کرے۔

— چہارم :- اگر قرض لینے والا کم عقل یا ضعیف ہو تو اس کا ولی اس کام کو سرانجام دے۔

— پنجم :- معاملہ پر دو گواہ ضرور بنانے چاہئیں۔

— ششم :- یہ دو گواہ مرد ہوں یا ایک مرد اور دو عورتیں۔

— ہفتم :- گواہ مسلمان ہوں بالغ ہوں پسندیدہ اخلاق کے مالک ہوں۔

— ہشتم :- گواہ گواہی دینے سے گریز نہ کریں۔

— نہم :- ادھار کا معاملہ چھوٹا ہو یا بڑا اس کی ضرور دستاویز لکھنی چاہیئے۔

— دہم :- کاتب یا گواہ کو عاقدین کوئی ضرر پہنچانے کی کوشش نہ کریں وہ تو اجتماعی خدمت انجام دیتے ہیں۔

**حصول ملکیت کے چار ذرائع**

۱ :- اوّل یہ کہ قیمت بھی موجود ہو اور مبیعہ بھی موجود ہو۔ اس کو تجارت حاضرہ کہتے ہیں۔ یہ بالاتفاق جائز ہے۔

۲ :- نہ قیمت موجود ہو اور جس چیز کو خرید جا رہا ہے وہ موجود ہو۔ یہ بالاتفاق ناجائز ہے۔

۳ :- قیمت موجود مگر چیز موجود نہ ہو۔

۴ :- چیز موجود ہو، قیمت موجود نہ ہو۔

ان دونوں صورتوں میں

۱ :- یہ کہ دستاویز لکھ لی جائے۔ ۲ :- مدت مقرر کر لی جائے اور میعاد بھی واضح ہو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مبہم نہ ہو۔ تاریخ۔ ماہ۔ سن۔ یوم۔ کی وضاحت کر دی جائے ورنہ نزاع کا خطرہ ہے۔

## دستاویز لکھانا قرضدار کی ذمہ داری ہے

دستاویز کا ماحصل کسی حق کا اپنی طرف اقرار کرنا ہے۔ یہ اسی کو کرنا چاہئے جس کے ذمہ کوئی حق واجب الادا ہے۔ یہاں دو شخص ہیں ایک لینے والا، دوسرا دینے والا، لینے والا من علیہ الحق۔ اور دینے والا من لہ الحق ہے۔ یا لینے والا مدیون، اور دینے والا دائن ہے۔ لیکن عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ قرض خواہ تحریر لکھ کر رکھتا ہے، قرض دار کو پرواہ ہی نہیں ہوتی۔ ع

یہ الٹی ہی گنگا عجب چل رہی ہے

۲ :۔ دستاویز لکھولتے وقت خوفِ خدا بھی پیشِ نظر رہے۔ کہیں کمی بیشی نہ کر دی جائے۔

## کتابت کی افادی حیثیت

جن معاملات میں لکھنے کا عرف ہو اس کے لکھنے میں کسی قسم کی کاہلی اور سستی نہ کرنی چاہئے۔ یہ اسلام کی اقتصادیات کا ایک اہم اور بنیادی قاعدہ ہے۔ معاملاتی فساد، افراد کے اخلاقی اور روحانی ارتقاء میں رکاوٹ بن سکتا ہے۔ اس صورت میں فرد کی اخلاقی ترقی کے مواقع کم ہو جاتے ہیں۔ بعض روحانی مفاسد کے پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔ ایک ایسے معاشرے میں جہاں معاشی اور اقتصادی طاقت کا انحصار افراد کے ہاتھوں میں ہو اس طرح کی روحانی و اصلاحی تدابیر بہت زیادہ مؤثر ہوتی ہیں۔ اس لئے قرآن مجید میں کتابت کی افادیت اجاگر کی گئی ہے۔

۱ :۔ أَقْسَطُ عِندَ اللّٰهِ یعنی اللہ کے نزدیک یہ زیادہ انصاف والی بات ہے۔ یعنی ایک کا حق نہ دوسرے کے پاس جائے گا اور نہ آئے گا۔ اور کتابت کی راہ سے عدل وانصاف کو پروان چڑھنے کا موقع ملے گا۔

۲ :۔ أَدْنَىٰ أَلَّا تَرْتَابُوا۔ یعنی اس میں شک کا امکان کم رہے گا۔ گویا معاملہ کا جی صاف رہے گا۔

۳ :۔ اقوم للشہادۃ۔ گواہی زیادہ محکم اور پائیدار رہے گی۔ اور گواہی آسان رہے گی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**رہن اور قرض** اگر سفر میں قرض اور ادھار کا معاملہ کرنا ہو۔ اور کوئی کاتب نہ ملے تو قرض کے عوض کوئی چیز مدیون کو اس کے پاس رکھ دینی چاہیئے۔ چونکہ سفر میں قرض کی زیادہ حاجت رہتی ہے۔ اس لئے قرآن مجید میں سفر کی قید لگائی گئی۔ مگر یہ قید اتفاقی ہے۔ جمہور علماء کا اتفاق ہے کہ جس طرح رہن سفر میں جائز ہے اسی طرح حضر میں بھی جائز ہے۔

ارشاد ربانی ہے۔

وان کنتم علی سفر ولم تجدوا کاتبا فرھن مقبوضۃ [1]

ترجمہ:۔ اور اگر تم سفر میں ہو اور کوئی کاتب نہ ملے تو اس صورت میں ایسا ہو سکتا ہے کہ کوئی چیز رہن رکھ کر اس کا قبضہ دے دیا جائے۔

نیز معاملہ رہن کے لئے یہ شرط بھی نہیں ہے کہ جب دستاویز لکھنا ممکن نہ ہو صرف اس صورت میں رہن کا معاملہ کیا جائے۔ اس کے علاوہ یہ بھی ایک صورت ممکن ہے کہ جب دستاویز لکھنے پر کوئی قرض دینے پر آمادہ نہ ہو تو قرض کا طالب اپنی کوئی چیز رہن رکھ کر روپیہ لے لے۔ لیکن قرآن حکیم چونکہ اپنے پیروؤں کو فیاضی کی تعلیم دیتا ہے اور یہ بات بلند اخلاق سے فروتر ہے کہ ایک شخص مال رکھتا ہو اور وہ ایک ضرورت مند آدمی کو اس کی کوئی چیز رہن رکھے بغیر قرض نہ دے۔

اس سلسلہ میں یہ بات بھی معلوم ہونی چاہیئے کہ رہن بالقبض کا مقصد صرف یہ ہے کہ قرض دینے والے کو اپنے قرض کی واپسی کا اطمینان ہو جائے۔ اسے اپنے دیئے ہوئے مال کے معاوضہ میں شئی مرہونہ سے فائدہ اٹھانے کا حق حاصل نہیں۔ یا اس کا کرایہ کھاتا ہے تو دراصل سود کھاتا ہے۔ قرض پر براہِ راست سود لینے اور رہن لی ہوئی چیز سے فائدہ اٹھانے میں اصولاً کوئی فرق نہیں۔

**مسئلہ** راہن اگر دیوالیہ ہو جائے اور اس کے سرمایہ میں مرہونہ چیز کے سوا کچھ نہ ہو تو یہ مرتہن ہی کا حق ہو گا۔ باقی قرض خواہوں کو اس میں مداخلت کی اجازت نہ دی

---

[1] بقرہ: پ ۳، ع ۷۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جائے گی۔ ہاں اگر مرہون کو فروخت کرنے کے بعد مرتہن کا قرض ادا ہو کر کچھ بچ جائے تو اس کو باقی قرض خواہوں میں تقسیم کیا جائے گا۔

## قرض کو رہن نہیں رکھا جا سکتا

رشید کے دو ہزار روپے بذمہ حمید قرض ہیں۔ رشید ان دو ہزار کو رہن رکھ کر کوئی چیز لینا چاہے، یہ بھی بالاتفاق ناجائز ہے کہ قرض جب تک قرض ہے اس کا قبضہ نہیں مل سکتا۔ قبضہ دَین نہیں عین میں ہوتا ہے۔ اس لئے قرض رہن نہیں رکھ سکتا۔

## قرض اور ہدیہ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر اس قرض سے منع فرمایا جو نفع آور ہو اور نفع کو سود قرار دیا ہے۔ اسی بنیاد پر قرض خواہ کو قرضدار سے ہدیہ قبول کرنے سے بھی روکا گیا ہے۔ چنانچہ اس پر حافظ ابن القیم رح نے سنن ابن ماجہ کی حدیث سے استدلال کیا ہے۔ جس میں یحیٰ بن اسحاق کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالٰے عنہ سے دریافت کیا کہ ہم میں سے کوئی شخص اپنے بھائی کو کچھ پیسے قرض دیتا ہے۔ اور قرض دار کچھ سوغات و ہدیہ ہمیں روانہ کر دیتا ہے، کیا یہ جائز ہے؟ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ کہ جب تم کسی کو قرض دو اور قرض دار تمہیں ہدیہ یا سواری پیش کرے تو قبول نہ کرو۔ ہاں اگر پہلے سے تمہارے تعلقات ہیں تو کچھ مضائقہ نہیں۔

نیز صحیح بخاری میں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ابو بردہ کے حوالہ سے انکشاف کیا ہے کہ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالٰے عنہ کہتے ہیں کہ میں مدینہ پہنچا تو عبد اللہ بن سلام سے میری ملاقات ہوئی۔ انہوں نے مجھ سے کہا، آپ تو ایسی جگہ رہتے ہیں جہاں سودی کاروبار عام ہوتا ہے اگر آپ کا کسی کے ذمہ کوئی قرض ہو اور وہ آپ کو انجیر، جَو وغیرہ پیش کرے تو ہرگز نہ لینا کیونکہ یہ سود ہے [1]

---

[1] اغاثۃ اللہفان، ج ۱، ص ۲۶۲، حافظ ابن القیم الجوزیہ۔ معالم القرآن، ج ۳ ص ۳۶۲، مولانا محمد علی صدیقی کاندھلوی مدظلہ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## قرض اور سود

وہ قرض جو ضروریات زندگی اور غیر کاروباری اغراض کے لئے لئے جاتے ہیں اس پر تو سود لینا الم نشرح ہے یعنی سب حرام اور ظلم سمجھتے ہیں لیکن کاروباری اغراض کے لئے قرض لینے پر سود کو جائز سمجھا جاتا ہے۔ اس لئے ہم اس مسئلے کو واضح کرنا چاہتے ہیں کہ خواہ قرض پیدا واری ہو یا غیر پیدا واری، اغراض زندگی میں صرف کر دیا گیا ہے یا کاروبار میں لگا دیا گیا، سب پر سود لینا حرام ہے۔ اس میں حکمت و وجہ یہ ہے کہ کاروبار میں نفع اور نقصان دونوں کا امکان رہتا ہے۔ جب سرمایہ کا کاروبار میں لگنا لازماً نفع کے لئے نتیجہ خیز نہیں تو یہ بات انصاف کے خلاف ہے کہ اس سرمایہ پر بہرصورت ایک متعین نفع کا مطالبہ کیا جائے۔ نفع آوری سرمایہ کی ذاتی اور لازمی صفت نہیں ہے اگر ایسا ہوتا تو جس کاروبار میں سرمایہ لگایا جاتا، ضرور نفع ہوتا۔ مگر ایسا کبھی بھی نہیں ہوا۔ نفع کا انحصار آمدنی پر ہے نہ کہ پیدا وار کی مقدار پر۔ یہ پیدا وار بازار میں فروخت ہو سکے گی یا نہیں، کس قیمت پر فروخت ہوگی اور مجموعی لاگت کے مطابق نفع کتنا ہوگا، اس کی کوئی خبر نہیں ہے لہذا اس پر سود لگانا بھی غیر معقول ہوگا۔

اس صورت حال پر غور کیجئے کہ جب کاروبار میں خسارہ ہوا ہو ایک طرف تو قرضدار کو قرض کی واپسی کا انتظام کرنا ہے اور دوسری طرف کاروباری خسارہ کو بھی پورا کرنا ہے۔ اس پر ہم مزید سود کا بھی بوجھ لاد دیں تو یہ ظلم ہوگا۔

مجھے بتائیے کہ کیا ایسی صورت میں قرض خواہ اپنے قرض کے مطالبہ سے رک جاتا ہے یا نہیں یا اپنے قرض کی مقدار میں کمی کرتا ہے؟ تو جواب نفی میں ملے گا۔ لہذا قرض دار کو جب نفع ہوتا ہے جو کہ اس کی رات دن کی سعی وجد وجہد کا ثمرہ ہے تو اس ثمرہ میں بھی کسی کو شریک ہونے کا حق نہیں پہنچتا۔ قرض چونکہ تبرع واحسان ہے اس لئے اس احسان کی جزا رب ذوالجلال خود دیں گے۔

ولا تبطلوا صدقاتکم بالمن والاذی (البقرہ)

ترجمہ:- اپنے صدقات کو احسان جتلا کر اور تکلیف پہنچا کر بیکار نہ کرو۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## نفع کمانے کے بارے میں اصولی حقیقت

مال نفع ونقصان میں شراکت ہو تو پھر قرض کا نفع بھی لیا جا سکتا ہے۔ یعنی یہ شرط لگائی جائے کہ نفع ہوگا تو نفع میں بھی برابر کا شریک ہوگا اور اگر نقصان ہو تو نقصان میں بھی برابر کا شریک ہوگا تو قرض کا نفع لے سکتا ہے۔

حدیث شریف میں آتا ہے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"فائدہ نقصان اٹھانے کی ذمہ داری کے ساتھ وابستہ ہے"

یہ حدیث ابو داؤد میں ہے۔

ایک دوسری حدیث ترمذی، نسائی، ابن ماجہ میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ایک ہی معاملہ میں ادھار لینا اور تجارتی سودا کرنا جائز نہیں۔ نہ ایک تجارتی معاملہ میں دو مختلف شرطیں کرنا درست ہے اور نہ اس چیز کا نفع لینا درست ہے جس کے نقصان کی ذمہ داری تم نے نہ لی ہو۔ اور ایسی چیز کی فروخت بھی صحیح نہیں جو تمہارے پاس نہ ہو [1]

## قرض پر سود کے معاشی نقصانات

قرآن کا دعویٰ ہے کہ سود معاش اور عقلی نقطۂ نظر سے انسانی معیشت کے لئے تباہ کن ہے۔

حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ۔

"سود پر قرض لینے والے عام طور پر مفلس اور مضطر ہو جاتے ہیں اور یہ کاروباری دنیا میں سنگین جھگڑوں اور عظیم مناقشوں کا باعث بنتا ہے۔ اور جس قوم یا ملک میں بے محنت روپیہ حاصل کرنے کا رواج پڑ جاتا ہے وہاں عوام پر صنعت وحرفت، زراعت وتجارت کی صحیح راہیں بند ہو جاتی ہیں" [2]

---

[1] معالم القرآن، ج ۳، ص ۲۶۳۔ [2] حجۃ اللہ البالغہ، ص ۳۱۶۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



امام فخرالدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے تفسیر کبیر میں اور امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے احیاء العلوم میں اسی طرح کے ریمارکس دیئے ہیں ۔ امام فخرالدین رح نے اس اعتراض کا جواب دیا ہے کہ

"قرض پر سود اس لئے لیا جاتا ہے کہ اگر وہ مال اصل مالک کے پاس ہوتا تو ممکن تھا کہ وہ اس سے تجارت کے ذریعہ نفع حاصل کر سکتا ۔ اب جب کہ اس مدت میں اس کے پاس نہ رہا تو وہ اس مال سے نفع سے مجبور رہا ہے لہذا اس کا حق ہے وہ نفع جو قرض دار نے کمایا ہے اس میں سے قرض خواہ کو بھی دے " ؟

## جواب

تو اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ کیا تم اس بات کی ضمانت دے سکتے ہو کہ اگر وہ مال قرض خواہ کے پاس ہوتا تو ضرور اس کو نفع ہوتا یا وہ مال محفوظ ہوتا اس کے پاس بھی امکان ہے کہ وہ مال چوری ہو جاتا یا ہلاک ہو جاتا ۔ یا تجارتی خسارہ ہو جاتا ۔ یقیناً جواب نفی میں ہے ۔ اس لئے وہ نفع کا حقدار نہیں ہو سکے گا ۔

بلکہ قرض دینے سے اس کا اصل سرمایہ ان خطرات سے محفوظ ہو گیا ۔ کیونکہ قرض دار کو نفع ہو یا نقصان اس نے اصل قرض واپس کرنا ہے [1]

## دوسرا معاشی نقصان

اس کا دوسرا معاشی نقصان یہ ہے کہ اس طرح غریب طبقہ کی رہی سہی قوت خریداری ، سرمایہ دار اور ساہوکار ، غصب کر لیتا ہے ۔ لاکھوں آدمیوں کی بیروزگاری اور کروڑوں آدمیوں کی ناکافی آمدنی پہلے ہی تجارت اور صنعت کے فروغ میں مانع ہے اس پر مستزاد یہ کہ وہ طبقہ اس کو اشیاء کی خریداری پر صرف کرنے کی بجائے سوسائٹی کے سر پر مزید سود طلب قرض پر چڑھانے میں استعمال کرتا ہے فرض کیجئے اگر دنیا میں پانچ کروڑ آدمی ہوں اور وہ ماہانہ دس روپے سود ادا کرتے ہوں تو اس کے معنی یہ ہیں کہ ہر ماہ پچاس کروڑ روپے کا مال فروخت ہونے سے رہ جاتا ہے ۔ اور اتنی بھاری رقم معاشی پیداوار کی پلٹنے کے بجائے مزید سودی قرضوں کی تخلیق میں صرف ہوگی ۔

اس لئے اسلام نے انسان کو قرض حسنہ کی ترغیب دی ہے اور سود پر قرض لینے

---

[1] تفسیر کبیر ، ج ۳ ، ص

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کو منع فرمایا۔ کیونکہ قرض حسنہ سے انسان کی معاشی حالت مضبوط ہوتی ہے اور صنعت و تجارت ترقی کرتی ہے۔ اور ملک اقتصادی بحران سے نکل جاتا ہے اور سود سے معیشت تباہ ہو جاتی ہے صنعت و تجارت ترقی نہیں کر سکتی اور ملک مزید اقتصادی بحران میں مبتلا ہوتا چلا جاتا ہے۔ ہمارا ملک اس کے لئے واضح ترین مثال ہے۔

چونکہ میرا عنوان سود کی حیثیت بتانا نہیں اس لئے اس کو طول دینا مناسب نہیں بہرحال ربا القرض کے مفاسد واضح ہو گئے ہیں اس لئے ہمیں اس سے اجتناب کرنا چاہیئے۔

---

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# احتکار

جناب پروفیسر محفوظ احمد، سانگلہ ہل
ایم اے (عربی و اسلامیات)، ایم۔او۔ایل، بی ایڈ

اسلام تجارت کو معاشی نظام کا اہم جزو قرار دیتا ہے اسی لیے اسلام نے اپنے معاشی نظام میں بہت سی تجارتی سہولتیں اور جائز آسانیاں پیدا کی ہیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ ان تمام بدعنوانیوں (مثلاً اتلاف مال، تجنیس اشیاء، اور اجارہ داری) کا سدباب بھی کیا ہے جو درحقیقت اسلام کے معاشی نظام کے مقصد اور نصب العین کو تباہ و برباد کرنے کا باعث بنتی ہیں اور تجارت کے نام سے عوام میں بدحالی اور خواص میں سرمایہ داری کو فروغ دیتی ہیں انہی بدعنوانیوں میں ایک بدعنوانی احتکار ہے۔

زیر نظر مضمون میں احتکار کا لغوی و اصطلاحی مفہوم، احتکار کے متعلق شرعی احکام اور احتکار کے سدباب کے لیے شرعی اقدامات کا ذکر کیا جائے گا۔

## لغوی مفہوم

لفظ احتکار عربی لغت میں ح۔ک۔ر سے مشتق ہے ابن منظور (م ۷۱۱ھ) نے احتکار کا معنی ادخار الطعام للتربص[1] تحریر کیا ہے یعنی غلے کا مہنگا ہونے کے انتظار میں ذخیرہ کرنا ابن سیدہ کے نزدیک احتکار کا معنی یہ ہے "الاحتکار جمع الطعام ونحوہ مما یؤکل واحتباسہ انتظار وقت الغلاء بہ"[2] یعنی اشیاء خوردنی کا اس لیے ذخیرہ کرنا تاکہ ان کی قیمتیں بڑھ جائیں۔ علامہ زبیدی (م ۱۲۰۶ھ) نے احتکار کا لغوی معنی یہ بیان کیا ہے۔

---

[1] ابن منظور، لسان العرب، بذیل مادہ "حکر" دار صادر بیروت، ۱۳۰۰ھ، ج ۴، ص ۲۰۸۔

[2] ایضاً

© rasailojaraid.com